نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

7 جنوری 2011ء

برائے فوری اجراء

006/2011

رابطہ: البرٹو راڈریگیز

ترجمان

فون: 0300-501-2640

امریکہ کی جانب سے گومل زم اور ست پارہ ڈیم منصوبوں کی تکمیل کیلئے اعانت

اسلام آباد (7 جنوری 2011ء) ___ افغانستان اور پاکستان کیلئے امریکہ کے قائم مقام خصوصی نمائندہ فرینک روجیرو نے گومل زم اور ست پارہ ڈیموں کو مکمل کرنے کے منصوبوں کیلئے 66 ملین ڈالر فراہم کرنے کے دو معاہدوں پر دستخط کئے ہیں۔ یہ ڈیم، جن سے جنوبی وزیرستان اور سکردو کے تقریباً پچپن ہزار گھرانوں کو 35 میگاواٹ سے زیادہ بجلی فراہم کی جائے گی، حکومتِ امریکہ کے پاکستان کی توانائی کی ضروریات کو پورا کرنے کے عزم کی مثالیں ہیں۔

فرینک روجیرو نے کہا گزشتہ سال آنے والے تباہ کن سیلاب نے سیلاب پر قابو پانے کیلئے درکار بنیادی ڈھانچے کی ضرورت واضح کر دی ہے۔ ان دو کثیر المقاصد ڈیموں سے سیلابی پانی کو کنٹرول کرنے، بجلی کی فراہمی اور آبپاشی اور نشیبی دیہاتوں میں گھریلو استعمال کیلئے پانی ذخیرہ کرنے کا کام لیا جائے گا۔ امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (یو ایس ایڈ) کے مشن ڈائریکٹر اینڈریو سسن، چیئرمین واپڈا شکیل درانی اور وزارت پانی و بجلی کے سیکرٹری جاوید اقبال نے بھی معاہدے پر دستخط کئے۔

امریکہ جنوبی وزیرستان میں کثیر المقاصد گومل زم ڈیم کی تکمیل کیلئے 40 ملین ڈالر کی اعانت فراہم کر رہا ہے۔ اس منصوبے سے پچیس ہزار گھرانوں کو 17.4 میگاواٹ بجلی فراہم ہوگی اور سیلاب سے ہونیوالے سالانہ نقصانات میں تقریباً 2.6 ملین ڈالر کی کمی واقع ہوگی۔ گومل زم ڈیم میں پانی ذخیرہ کرنے کی گنجائش اتنی ہوگی جو 191,000 ایکڑ زرعی اراضی کی آبپاشی کیلئے کافی ہوگا۔

امریکہ سکردو (گلگت۔ بلتستان) میں واقع کثیر المقاصد ست پارہ ڈیم کی تکمیل کیلئے بھی 26 ملین ڈالر فراہم کر رہا ہے۔ اس ڈیم سے تقریباً تیس ہزار گھرانوں کو 17.7 میگاواٹ بجلی فراہم کرنے کے علاوہ سکردو میں لوڈشیڈنگ کو کم کرنے میں مدد ملے گی۔ یہ پندرہ ہزار ایکڑ سے زیادہ زمین کی آبپاشی اور روزانہ اکتیس لاکھ گیلن پینے کا پانی فراہم کرنے کی استعداد کا حامل ہوگا۔ اس ڈیم کی تکمیل سے مقامی آبادی کیلئے تقریباً چھ ملین ڈالر کے اضافی معاشی فوائد کے علاوہ زرعی پیداوار میں ہر سال چار گنا سے زائد اضافہ متوقع ہے۔

ان منصوبوں سے توانائی کے مسائل حل ہوں گے اور فاٹا اور گلگت۔ بلتستان میں لوگوں کا معیار زندگی بہتر ہوگا۔ حکومتِ امریکہ پاکستان کے ساتھ دیرپا اشتراک کار کیلئے پرعزم ہے اور پاکستانی عوام کو فائدہ پہنچانے والے اور ملک کے ان اہم علاقوں کی اقتصادی ترقی کیلئے امداد جاری رکھے گی۔

###

اسلام آباد
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ
ریمنا-5، اسلام آباد
فون: 2080000
E-mail: infoisb@state.gov

لاہور
50 ایمپریس روڈ
فون: 6034000
E-mail: irclahore@state.gov

کراچی
کلفٹن زلین، 8 عبداللہ ہارون روڈ
فون: 5204200
E-mail: irckhi@state.gov

پشاور
11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ
فون: 5285901-3, 5279801-3